پاسبان اور مسلم لیگ (فنکشنل) کے 50 سے زائد کارکنوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی ۔۔۔3، اگست 2007ء۔۔۔بن قاسم ٹاؤن کے علاقے قذافی اور ظفر ٹاؤن سے تعلق رکھنے والے پاسبان اور مسلم لیگ (فنکشنل) کے 50 سے زائد نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور ایم کیوایم کی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت بن قاسم ٹاؤن میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا۔اجتماع میں ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور اراکین نے شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سیاسی کارکنوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ مصیبت زدہ عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کی فلاحی سرگرمیوں کا اعتراف کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے کشمیر اور سرحد میں قیامت خیز زلزلے اور سندھ اور بلوچستان میں سیلاب زدگان کو غذائی اجناس اور علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ دکھی انسانیت کی بلاامتیاز وتفریق خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں ہم بھی جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور ان کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پی پی او سی کے انچارج سردار خان نے پاسبان اور مسلم لیگ (فنکشنل) کے کارکنوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد دی۔

گڈاپ ٹاؤن کے رہائشی محمد قاسم، کاشف اور محمد رفیق کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔3، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایوب گوٹھ یوسی 4 گجرو (گڈاپ ٹاؤن) کے رہائشی افراد محمد قاسم ولد محمد مختیار، کاشف ولد محمد رسول بخش اور محمد رفیق ولد محمد حسین سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ افراد جرائم پیشہ ہیں اور علاقے میں ایم کیوایم کا نام استعمال کرکے ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی سازش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ بالا افراد کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

رابطہ کمیٹی نے پی پی او سی کے کارکنان رجب اور آصف کی تنظیم سے بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی ۔۔۔3، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی ایوب گوٹھ یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن کے کارکن رجب ولد عطاء اللہ اور آصف ولد محمد اسلم کو تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

الطاف حسین کے خلاف سازش کو برداشت نہیں کیا جائے گا، شعبہ خواتین

کراچی ۔۔۔3، اگست 2007ء۔۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی اراکین نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے پیچھے کارفرما سازشی عناصر کو قرار واقعی سزا دی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ایک فکر اور ایک نظریہ کا نام ہے اور جناب الطاف حسین کے خلاف کسی بھی سازش کو حق پرست مائیں بہنیں کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریں گی۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین ملک بھر کی تمام قومیتوں، برادریوں اور مذہبی اقلیتوں کے متفقہ قائد ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو دیکھ کر سازشی عناصر ایک مرتبہ پھر جناب الطاف حسین کی جان کے درپے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے سازشی عناصر کو متنبہ کیا کہ اگر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ذرہ برابر بھی نقصان پہنچا تو جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے پروردہ سازشی عناصر کو عوام کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔شعبہ خواتین کی اراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

الطاف حسین کی سلامتی پر میلی نگاہ ڈالنے والوں کو عبرتناک انجام کا سامنا کرنا پڑے گا، ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ

جوہانسبرگ۔۔۔3، اگست 2007ء۔۔۔ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام جوہانسبرگ میں ایک اجلاس ہوا جس میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی۔ اجلاس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش کے انکشاف اور جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ کے قریب مشکوک سرگرمیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم حق پرست کارکنان وعوام کے محبوب قائد ہیں اوران کی سلامتی پر میلی نگاہ ڈالنے والوں کو عبرتناک انجام کا سامنا کرنا پڑے گا۔

انہوں نے کہا کہ جوعناصر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کی سازش کررہے ہیں وہ ملک بھر کے مظلوم عوام کے کھلے دشمن ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملک بھر میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف شعوری بیداری کی لہر کو روکا جاسکے۔ ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے حکومت برطانیہ سے اپیل کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حفاظت کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے۔ اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسن مثنیٰ علوی کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اورانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆☆